IBSA

Caring Innovation

# گھر پر خود کو انجیکشن لگانے کے لیے ایک قدم بہ قدم رہنمائی

(زیر جلد انجیکشن کے لیے)

خود سے انجیکشن لگانے کے
ویڈیو گائیڈز دیکھنے کے لیے
اسکین کریں:

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم ملاحظہ کریں:

**WWW.IBSAPHARMA.CO.UK**

منظوری کوڈ: UKCOR00160

تیاری کی تاریخ: اپریل 2023

# تعارف

قبل اس کے کہ آپ علاج شروع کریں، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنے ہوم کیئر کٹ کے مشمولات چیک کریں کہ مندرجہ ذیل اشیاء اس میں موجود ہیں:

- 20 عدد 2 ملی لیٹر سرنجیں
- 20 عدد ہری ڈرائنگ اپ سوئیاں
- 20 عدد پیلی انجیکشن سوئیاں
- 20 عدد ٹرانسلوسنٹ پلاسٹک امپول اسنیپرز
- 1 عدد نوکیلی اشیاء کا پلاسٹک کا کوڑے دان

اوپری حصّہ کو نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں نیچے کی طرف بحفاظت رکھیں لیکن ڈھکن نہ لگائیں۔

چیک کر لیں کہ آپ کے پاس فرٹیلیٹی کی دوا کی شیشیوں کی درست تعداد اور قوت موجود ہے جیسا کہ آپ کے نسخہ میں بیان کیا گیا ہے۔

آپ کے پاس سالوینٹ امپولز اور فرٹیلیٹی کی دوا کی شیشیوں کی تعداد برابر ہونی چاہیے۔

ایک اسپیشلسٹ نے پہلے ہی آپ سے گھر پر خود کو انجیکشنز لگانے اور نوکیلی اشیاء کے ڈبے استعمال کرنے کے بارے میں بتایا ہوگا۔ یہ کتابچہ اور وہ کٹ جس کا اس میں حوالہ ہے وہ زیر جلد انجیکشنز (جلد کے نیچے انجیکشنز) کے مقاصد کے لیے ہیں۔

جب نوکیلی اشیاء کا کوڑے دان بھر جائے یا جب آپ اپنا مکمل علاج ختم کر لیں تو نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان کا ڈھکن لگا دیں اور اس کو اپنی کلینک کی ہدایات کے مطابق ٹھکانے لگا دیں۔

قبل اس کے کہ آپ پہلا انجیکشن تیار کریں، اپنے ہاتھوں کو دھوئیں اور یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس کام کے لیے ایک صاف ستھری سطح ہو جس پر آپ اپنی ساری ضروری چیزیں رکھ سکیں:-

1. ایک امپول اسنیپر
2. ایک 2 ملی لیٹر سرنج
3. ایک طویل، ہری ڈرائنگ اپ سوئی
4. ایک چھوٹی، پیلی انجیکشن سوئی
5. آپ کی دوا

اگر سوئیوں یا سرنجوں کی پیکیجنگ اس قدر خراب ہو کہ اسٹیرائل سیل ٹوٹ گئی ہو تو ان سرنجوں یا سوئیوں کو استعمال نہ کریں بلکہ انہیں نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

اپنی تیار کردہ سطح پر اپنے پہلے انجیکشن کے لیے شیشیاں (دوا) اور امپولز (سالوینٹ) درست تعداد میں رکھیں۔

## 1. سرنج اور سوئی کی تیاری



ایک طویل، ہری ڈرائنگ اپ سوئی کی ریپنگ کو کھولیں۔

اس کی پیکجنگ سے ایک سرنج نکالیں۔

ڈرائنگ-اپ سوئی کو سرنج سے مربوط کریں، سوئی کے حفاظتی ڈھکن کو اس کی جگہ پر برقرار رکھتے ہوئے۔

سرنج اور سوئی کو کام کی جگہ پر رکھ دیں۔

## 2. سالوینٹ کے امپول کو کھولنا

امپول کی گردن پر مرئی رنگین ڈاٹ کے نیچے، گلاس کو اسکور دیا گیا ہے تاکہ اس کو توڑنا زیادہ آسان ہو۔



سالوینٹ کا ایک امپول لیں اور اوپری حصّہ کو ہلکا جھٹکا دیں تاکہ اوپر موجود مائع کا کوئی بھی قطرہ نیچے چیمبر کے نچلے حصّہ میں گر جائے۔

امپول کو ایک ہاتھ میں پکڑیں جبکہ ڈاٹ کا رخ آپ سے دور ہو اور دوسرے ہاتھ سے امپول اسنیپر کے تنگ سرے کو مضبوطی سے امپول کے اوپری حصّہ میں لگائیں یہاں تک کہ وہ کلک کی آواز کے ساتھ اپنی جگہ میں بیٹھ جائے۔

ایک ہاتھ میں امپول کے نچلے حصّہ کو مضبوطی سے پکڑیں اور امپول کے اوپری حصّہ کو اسنیپ کریں دوسرے ہاتھ سے امپول اسنیپر کو اپنی طرف کھینچتے ہوئے۔

کھلے ہوئے امپول کو کام کی جگہ پر رکھ دیں۔ شکستہ سرے اور امپول اسنیپر کو نکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

## 3. سالوینٹ کو سرنج میں کشید کرنا



تیار شدہ سرنج لیں اور سوئی کا ڈھکن ہٹائیں۔

سرنج کو ایک ہاتھ میں رکھتے ہوئے دوسرے میں امپول کو کھولیں، سوئی کو سالوینٹ میں لگائیں۔ سبھی مائع سرنج میں کشید کر لیں ، یقینی بناتے ہوئے کہ سوئی مائع کی سطح کے نیچے باقی رہے۔
یہ سرنج میں ہوا داخل ہونے کے امکان کو کم کرتا ہے۔

سوئی پر حفاظتی ڈھکن لگا دیں اور خالی امپول کو نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

## 4. انجیکشن کے لیے دوا تیار کرنا

دوا (سفید پاؤڈر) کی ایک شیشی لیں اور حفاظتی پلاسٹک کا ڈھکن ہٹائیں، شیشی کے اوپری حصّہ میں ربڑ کی ایک جھلی کو اکسپوز کرتے ہوئے۔

سرنج کو لیں اور سوئی سے حفاظتی ڈھکن ہٹا دیں۔

شیشی کے اوپری حصّہ میں ربڑ کی جھلی میں سوئی سے سوراخ کریں اور دھیرے دھیرے مائع کو شیشی کے اندر سفید پاؤڈر میں داخل کریں۔

شیشی کو ہلانے کی ضرورت کے بغیر سفید پاؤڈر فوراً محلول ہو جاتا ہے۔

آہستہ آہستہ محلول کو سرنج میں کشید کر لیں۔




اگر آپ کو فی انجیکشن ایک سے زیادہ دوا کی شیشی تجویز کی گئی ہے تو سرنج میں پہلے سے موجود محلول کو اگلی شیشی میں داخل کریں، قدم 4 کو دہراتے ہوئے۔

دوا کے آپ کے پیک میں موجود ورقچہ میں زیادہ سے زیادہ شیشیوں کی تعداد سے متعلق معلومات ہیں جو ایک امپول (1 ملی لیٹر) سالوینٹ میں حل کیا جا سکتا ہے۔

## 5. انجیکشن دینے کے لیے سرنج تیار کرنا

جب شیشیوں کی درست تعداد کے مشمولات سرنج میں کشید کر لیے جائیں:

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے آرام سے پلنجر کو پیچھے کھینچیں کہ سوئی میں کوئی مائع بچا نہیں ہے۔



ڈرائنگ اپ سوئی پر حفاظتی ڈھکن واپس لگا دیں۔

سرنج سے سوئی کو الگ کر لیں اور اس کو خالی شیشیوں کے ساتھ نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

پیکجنگ سے چھوٹی پیلی سوئی کو نکالیں اور اس کو مضبوطی سے سرنج میں لگائیں۔

# 6. ہاتھ سے انجیکشن دینا

سوئی کا حفاظتی ڈھکن ہٹا دیں اور ہوا کے بلبلوں کے لیے سرنج کی تفتیش کریں۔



سرنج کو اس طرح پکڑیں کہ سوئی کا سرا اوپر کی طرف ہو اور اپنی انگلی سے سرنج کو ہلکا جھٹکا دیں یہاں تک کہ تمام بلبلے اوپر جمع ہو جائیں۔

سرنج کے پلنجر کو آرام سے دھکیلیں یہاں تک کہ تمام بلبلے نکل جائیں اور مائع کا ایک قطرہ سوئی کے سرے پر ظاہر ہو جائے۔

اب آپ انجیکشن دینے کے لیے تیار ہیں جس کو فوراً انجام دیا جانا چاہیے۔

آپ کے اسپیشلسٹ نے آپ کو بتایا ہوگا کہ کس جگہ پر انجیکشن لگانا ہے، مثلاً پیٹ، ران کے سامنے کا حصّہ – اور یہ کہ انجیکشن کی جگہ کو کس طرح تیار کرنا ہے۔



اسپیشلسٹ کی ہدایت کے مطابق اپنی منتخب کردہ انجیکشن کی جگہ کو تیار کریں۔

جلد کو ایک ساتھ مضبوطی سے چٹکی سے پکڑ لیں اور سوئی کو 45° تا 90° کے ایک زاویے پر داخل کریں، جلد کے اندر انجیکشن لگاتے ہوئے جیسا کہ آپ کو سکھایا گیا تھا۔

راست کسی رگ میں انجیکشن نہ لگائیں۔



محلول کا انجیکشن پلنجر کو دھکیل کر لگائیں اور پورے مائع کا انجیکشن لگانے کے لیے جتنا زیادہ وقت ضروری ہو لیں۔

سوئی کو نکالیں اور جلد کو اسی طرح صاف کریں جیسا کہ اسپیشلسٹ نے مشورہ دیا ہے۔

استعمال کی ہوئی سرنج، انجیکشن کی سوئی اور کوئی بھی بقیہ خالی امپولز یا شیشیاں نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان میں ضائع کر دیں۔

جب نوکیلی اشیاء کا کوڑے دان بھر جائے یا جب آپ اپنا مکمل علاج ختم کر لیں تو نوکیلی اشیاء کے کوڑے دان کا ڈھکن لگا دیں اور اس کو اپنی کلینک کی ہدایات کے مطابق ٹھکانے لگا دیں۔

Caring Innovation

## منفی وقوعے

اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات ہو جاتے ہیں تو اپنے ڈاکٹر، فارمیسسٹ یا نرس سے بات کریں۔ اس میں کوئی بھی ایسے ممکنہ ضمنی اثرات شامل ہیں جو پیکج کے ورقچہ میں مذکور نہیں ہیں۔

آپ ضمنی اثرات کی اطلاع راست طور پر یلو کارڈ اسکیم (Yellow Card Scheme) کے ذریعہ /https://yellowcard.mhra.gov.uk پر بھی کر سکتی ہیں۔

ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر آپ اس دوا کے محفوظ ہونے کے سلسلہ میں مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔

IBSA Pharma Limited
Sullivan House,
4-6 Colonial Business Park,
Colonial Way,
Watford WD24 4PR

WWW.IBSAPHARMA.CO.UK
ٹیلی فون: 466 233 1923(0) 44+